10/01/2025

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

صدر

صدر جمہوریہدروپدی مرمو آج بھوبنیشور میں پرواسی بھارتیہ دِوس کنونشن کی اختتامی تقریب سے خطاب کریں گی۔ وہ بیرون ملک مقیم بھارتیوں کے ممتاز افراد کو مختلف شعبوں میں ان کے گراں قدر تعاون کے لئے پرواسی بھارتیہ سمان بھی عطا کریں گی ۔

امت شاہ

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ حکومت بھارتی پولیس فورس کو اسمارٹ فورس بنانے کی پابند عہد ہے تاکہ وہ پولیسنگ اور داخلی سلامتی کے چیلنجوں سے کامیابی کے ساتھ نمٹ سکے۔

نئی دلّی میں پولیس تحقیق اور ترقی کے بیورو کی ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ BPR&D کو اِس طرح تحقیق کرنی چاہئے کہ وہ زمینی سطح پر پولیسنگ میں درپیش چیلنجوں کی شناخت کرسکیں اور
ا

---

ن کے حل تلاش کرنے کے سلسلے میں کام کرسکیں۔±

ستیش شرما

ٹرانسپورٹ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس کے وزیر ستیش شرما نے وزیر اعظم کے دفتر میں وزیر مملکت ڈاکٹر جتندر سنگھ سے ملاقات کی۔ جس دوران جموں کشمیر میں دیہی اور سرحدی علاقوں پر خصوصی توجہ کے سا تھ یوٹی میں مجموعی ترقی کے منظر نامے کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا ۔ ستیش شرما نے یوٹی میں آبی ذخائر کی تجدید کے لیے ایک سنٹر آف ایکسی لینس کے قیام کی CSIRتجویز پیش کی۔ انہوں نے صنعتی بائیو ٹیک پارکس کی جلد تکمیل، اَروما مشن اور فلوری کلچر مشن کے نفاذ کے علاوہ خطے میں ایک اسٹارٹ اپ ایکو سسٹم تیار کرنے پر بھی زور دیا۔ مرکزی وزیر نے ستیش شرما کے پیش کردہ مسائل اور مطالبات پر فوری کارروائی کے لیے غور کرنے کا یقین دلایا۔

جتیندر سنگھ

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ مہا کمبھ میلے میں شردھالو کی شرکت یقینی بنانے کی خاطر پریاگراج کے لیے خصوصی ٹرینیں چلانے کے سلسلے میں فیصلہ لیا گیا ہے اور جلد ہی خصوصی ٹرینوں کے شیڈول کا اعلان کیا جائے گا۔

وزیر اعظم کے دفتر میں وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کیا ہے ، جن کی بدولت جموں کشمیر سمیت ملک کے عام شہریوں کے لیے مہا کبھ میلے میں شرکت یقینی بن گئی ہیں ۔

آلات

وادی کشمیر میں سردی کی شدت میں اضافہ ہونے کی وجہ سے شہروں کے ساتھ ساتھ دیہی علاقوں میں بھی لوگ اپنے آپ اور اپنے گھروں کو گرم رکھنے کیلئے روایتی اور جدید آلات کا استعمال کر رہے ہیں۔ تاہم دم گھٹنے کے حالیہ واقعات کے پیش نظر ان آلات کا احتیاط سے استعمال نا گزیر بن گیا ہے۔ اس سلسلے میں چسٹ سپیشلسٹ ڈاکٹر میر فیصل نے شعبہ کو بتایا ۔

-

ہندی دِوس

آج عالمی ہندی دِوس ہے - 10 جنوری 1975 کو ناگپور میں پہلی ہندی کانفرنس منعقد ہوئی تھی۔

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے ہندی دِوس کے موقعے پر لوگوں کو مبارک باد دی ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ ہندی نہ صرف ہماری زبان ہے بلکہ ہماری ثقافتی شناخت اور سماجی اتحاد کا پل بھی ہے۔ ایل جی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ہندی کے ساتھ ساتھ تمام مادری زبانوں کے تحفظ، فروغ اور ترویج کے لیے ہم سب مل کر کام کریں ۔

مویشی شمار

Statistics مرکزی سرکار کی اینمل ہسبنڈری ، ڈیری اور فشریز کی وزارت کے اینمل ہسبنڈری ڈویژن کے ڈائریکٹر وی پی سنگھ نے بارہمولہ ضلع میں مویشیوں کی گنتی کے عمل کا ایک میٹنگ میں جائزہ لیا۔ میٹنگ میں ضلع کے نوڈل افسر ڈاکٹر جی اے لون نے اس بارے میں ڈائریکٹر پر SOP موصوف کو تفصیلی جانکاری دی ۔ وی پی سنگھ نے گنتی کے عمل کے دوران معیار اور سختی سے عمل کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ صحیح اعداد و شمار مقرر ہ وقت پر جمع کر کے ویب سائٹ پر اپلوڈ کئے جانے چاہئے ۔

سرینگر

ضلع میں پی ایم سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا کے تحت سولر روف ٹاپس کی تنصیب میں پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بھٹ نے کشمیر پاور ڈسٹریبیوشن کارپوریشن لمیٹڈ کے انجینئروں کی ایک میٹنگ کی صدارت کی۔

ڈی سی موصوف نے متعلقہ عہدیداروں پر زور دیا کہ وہ اس اسکیم کے تحت چھتوں پر سولر پلانٹس لگانے کے فوائد کے بارے میں لوگوں میں بیداری پیدا کریں۔

پولیس

Geology and معدنیات کی غیر قانونی کان کنی اور نقل و حرکت کی پاداش میں پولیس نے کل ڈیپارٹمنٹ کے تعاون سے سوپور میں چھ افراد کو گرفتار کر کے ان سے سات گاڑیاں ضبط Mining کیں ۔

************